© rasailojaraid.com



# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

شفیق فاروقی

۲۵ ر فروری مولانا حمد اللہ صاحب ڈاگئی مردان دارالعلوم تشریف لائے اور طلباء سے خطاب فرمایا۔

۳ ر مارچ ۔ صاحب علم و فکر جناب بریگیڈیر گلزار احمد صاحب دارالعلوم تشریف لائے ۔ دفتر الحق میں جناب مدیر صاحب سے تبادلہ خیالات کیا

۷ ر مارچ ۔ اکوڑہ خٹک کے ایک معمر حافظ قرآن خوشحال دین صاحب رحلت فرما گئے ۔ انہوں نے ساری زندگی قرآن کریم کے درس اور حفظ کرانے میں خرچ کی ۔ حضرت شیخ الحدیث نے نماز جنازہ پڑھائی ۔

۸ ر مارچ ۔ دارالعلوم کے شعبہ تعلیم القرآن مڈل سکول کے دینیات کے سالانہ امتحانات ہوئے دارالعلوم کے جید اساتذہ اور شہر کے بعض علماء نے امتحان لیا ۔

۹ ر مارچ ۔ مدرسہ قاسم العلوم فقیر والی کے حضرت مولانا فضل محمد صاحب مرحوم کی وفات پر دارالعلوم میں اظہار تعزیت کیا گیا ۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے درس حدیث کے بعد دارالحدیث میں ایصال ثواب کرایا ۔ اور دعا کرائی ۔

۱۳ ر مارچ ۔ مولانا عبدالباقی صاحب سرحد کے صوبائی وزیر مال و اوقاف دارالعلوم تشریف لائے ۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقات کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے دعا کی درخواست کی ۔ وہ کافی دیر تک دفتر الحق میں مدیر صاحب کے ساتھ رہے ۔

۱۴ ر مارچ ۔ دارالعلوم کے ششماہی امتحانات تحریری اور تقریری شروع ہوئے جو ایک ہفتہ تک جاری رہے ۔

۱۵ ر مارچ ۔ دارالعلوم کے شعبہ تجوید و تحفیظ قرآن کریم کی شاندار عمارت زیر تعمیر ہے ۔ تعمیری ضروریات کے سلسلہ میں لکڑی کے بعض تجار کو لکڑی کی شکل میں مدد فرمانے کی توجہ دلائی گئی ۔ اس اپیل پر درگئی کے ایک نہایت صاحب درد اور مخیر شخصیت نے تقریباً تین سو فٹ سے زائد عمدہ لکڑی بطور عطیہ پیش فرمائی ۔ اس خطیر امداد پر پورا حلقہ دارالعلوم ممنون اور دعا گو ہے ۔ تقریباً ایک ہزار فٹ تعمیراتی لکڑی کا تخمینہ ہے ۔ امید ہے کہ اہل خیر اس صدقہ جاریہ میں حصہ لینے کی سعی کریں گے ۔

۲۴ ر مارچ ۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی ایک معمر اور رسیدہ خالہ محترمہ کا بمقام لوند خوڑ مردان انتقال ہو گیا ۔ نماز جنازہ حضرت مدظلہ نے پڑھائی ۔ اور مقبرہ میں حاضرین سے گھنٹہ بھر خطاب فرمایا ۔ مرحومہ مولوی فضل سبحان فاضل حقانیہ اور مولانا عزیز الرحمان کی والدہ محترمہ تھیں ۔ قارئین سے دعا کی درخواست ہے ۔



© rasailojaraid.com